Tarjuma-Tul-Quran-ul-Majeed - 10th Class Tarjmatul Quran Urdu Medium Chapter 9 Preparation

Q1. سورۃ الفرقان کون سی سورت ہے.

Ans 1: سورۃ الفرقان مکی سورت ہے - اس میں ستتر آیات ہیں-

Q2. سورہ مریم کو یہ نام کیوں دیا گیا.

Ans 1: اس سورۃ میں حضرت مریم علیہ السلام کا تذکرہ ہے اس لیے اس کا نام سورۃ مریم رکھا گیا . اس سورۃ میں اللہ تعالی نے زکر فرمایا ہے اور یہ بات سمجھائی ہے کی کس نبی کی معجزانہ پیدائش اس کو اللہ کا بیٹا نہیں بنادیتی

Q3. ہرپوشیدہ اور ظاہربات کو جاننے والا کون ہے.

Ans 1: اللہ تعالی ہر پوشیدہ ور ظاہر بات کو جاننے والا ہے.

Q4. سورۃ یٰسین کا آغاز کس سے ہوتاہے.

Ans 1: سورۃ یٰسین کا آغاز حروف مقطعات میں سے "یٰسین" سے ہوتا ہے.

Q5. حضرت ابراہیم علیہ السلام نے خواب میں کیا دیکھا

Ans 1: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے خواب میں دیکھا کہ وہ اپنے بیٹے کو زبح کر رہے ہیں

Q6. ہمیں اپنی زندگی کے تمام معاملات میں کیا اختیار کرنی چاہیے.

Ans 1: ہمیں اپنی زندگی کے معاملات میں میانہ روی اختیار کرنی چاہیے.

Q7. مشرکین مکہ کے لوگوں نے بجاشی سے کیا کہا.

Ans 1: ان لوگوں نے نجاشی سے کہا کہ ہمارے علاقے سے چند نا سمجھ لوگ بھاگ کر یہاں آگئے ہیں انہوں نے اپنے باپ دادا کا دین چھوڑ کر نیا دین اختیار کرلیا ہے. وہ آپ کے دن کےبھی خلاف ہیں. آپ ان کو ہمارے حوالے کردیں.

Q8. سورۃ السجدہ کی ایک فضیلت تحریر کریں-

Ans 1: سورۃ میں قرآن مجید پر ایان لانے کی دعوت دی گئی ہے توحید اور آخرت کے دلائل بیان کئے گئے ہیں

Q9. سورہ لقمٰنمیں اللہ تعالی نے کن سے منع فرمایا ہے.

Ans 1: ہمیں عاجزی اور انکساری اختیار کرنی چاہیے کیوں کی تکبر اور شیخی بگھارنے سے اللہ تعالی نے منع فرمایا.

Q10. سورہ الروم کا آغاز کس حروف سے ہوتا ہے.

Ans 1: سورۃ الروم کا آغاز بھی حروف مقطعات میں سے الم سے ہوتا ہے.
